اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# ''درس دیں، امیرِ اہلسنّت کی دُعائیں لیں'' کے

## 27 حروف کی نسبت سے **مجلس درسِ فیضانِ سُنّت** کے **27** مدنی پھول

**فرامینِ امیر اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ:

❁**مدنی انعام نمبر 12**﴿کیا آج آپ نے **فیضانِ سُنّت** سے **دو درس**(مسجد، گھر، دُکان، بازار وغیرہ جہاں سہولت ہو) دیے یا سُنے؟﴾ کے نفاذ کو یقینی بنائیں ❁کوئی بڑا ذمہ دار ہو یا چھوٹا، 2 درسِ فیضانِ سنت کی ترکیب بنانے کی کوشش کرے ❁اگر مدنی کام کو مضبوط کرنا ہے تو درسِ فیضانِ سنت کو مضبوط کریں ❁درس سب ہی دیں مگر اپنے نگران کی مرضی سے۔

﴿1﴾فرمانِ مصطفٰی صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم ہے: نِيَّةُ الْمُؤْمِنِ خَيْرٌ مِّنْ عَمَلِهٖ۔ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔(المعجم الكبير للطبراني، الحديث: ٥٩٤٢، ج٦، ص١٨٥) اس لیے **مجلس درسِ فیضانِ سُنّت** کا ہر ذمہ دار امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے عطا کردہ ''**72 مدنی انعامات**'' میں سے ''**مدنی انعام نمبر1**'' پر عمل کرتے ہوئے یہ نیّت کرتا رہے کہ ''میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا اور اس کے پیارے حبیب صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی خوشنودی کے لیے دعوتِ اسلامی کے شعبے **مجلس درسِ فیضانِ سُنّت** کا مدَنی کام، مدنی مرکز کے طریقۂ کار کے مطابق کروں گا، اِنْ شَآءَ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ۔''

﴿2﴾**مجلس درسِ فیضانِ سُنّت** کے قیام کا **بنیادی مقصد** درسِ فیضانِ سنّت کے ذریعے نیکی کی دعوت کو عام کرنا، ذِمہ داران کو اس سلسلے میں فعال کرنا اور درسِ فیضانِ سنّت کے ذریعے اُمّتِ مسلمہ تک حتی المقدور صحت مند مواد پہنچانا ہے۔

﴿3﴾مجلس درسِ فیضانِ سنّت کے ذریعے مساجد، گھروں، بازاروں، دکانوں، تعلیمی اداروں، چوکوں اور بارونق مقامات پر درسِ فیضانِ سنّت جاری کیے جائیں۔

﴿4﴾ابتداً اراکینِ مجلس درسِ فیضانِ سنّت، روزانہ کم از کم 2 درسِ فیضان سنّت، ایک مسجد اور ایک گھر میں دینے کی ترکیب بنائیں۔

﴿5﴾درس، صرف فیضانِ سُنت یا امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی کتب و رسائل سے ہی دیا جائے۔

﴿6﴾یاد رہے! ان کتب و رسائل ''نماز کے احکام، کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، پردے کے بارے میں سوال جواب، قومِ لُوط کی تباہ کاریاں، گانوں کے 35 کفریہ اشعار'' سے درس نہ دیا جائے۔

﴿7﴾درسِ فیضانِ سُنّت کا انداز ایک ہی ہو۔ اس کے لئے فیضانِ سنت سے ''**درسِ فیضانِ سُنت کے 22 مدنی پھول**''

www.dawateislami.net

کا مطالعہ کیا جائے۔

(8) اس شعبے کے تمام ذمہ داران، VCD ''درسِ فیضانِ سنت کے 22 مدنی پھول'' خود بھی دیکھیں اور حلقوں، علاقوں میں VCD اجتماع کی بھی ترکیب بنائیں۔

(9) ترغیب دِلانے کے لئے ، سراپا ترغیب بننا پڑتا ہے، ذِمہ دارانِ دعوتِ اسلامی خود بھی درس دینے کی سعادت حاصل کریں اور نئے نئے اسلامی بھائیوں کو بھی درس سکھانے کا سلسلہ جاری رہنا چاہیے۔

(10) پارہ 27، سُوْرَۃُ الذّٰرِیٰت کی آیت نمبر 55 میں اِرشاد ہوتا ہے: وَّ ذَکِّرْ فَاِنَّ الذِّکْرٰی تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِیْنَ o
ترجمۂ کنز الایمان: ''اور سمجھاؤ کہ سمجھانا مسلمانوں کو فائدہ دیتا ہے''، چنانچہ روزانہ کم از کم دو اسلامی بھائیوں کو نرمی و محبت سے سمجھائیں، درسِ فیضانِ سنت دینے کی ترغیب دلائیں۔ (امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے مدنی مذاکروں، سُنّتوں بھرے بیانات (آڈیو/ ویڈیو/ تحریری) وغیرہ میں اس طرح کے کئی مدنی پھول ہوتے ہیں کہ جن سے رہنمائی حاصل کر کے ترغیب دِلانے کا طریقہ بآسانی سیکھا جاسکتا ہے)

(11) ممکن ہو تو مدنی مشوروں میں تلاوت و نعت اور اَخلاقِ مبلغِ دعوتِ اسلامی کے مدنی پھولوں کے بعد ''درسِ فیضانِ سُنّت'' کی ترکیب کی جائے۔

(12) اِسلامی بھائیوں کے ساتھ ساتھ، اِسلامی بہنوں میں بھی ''درسِ فیضانِ سُنّت ذمہ دار'' کا تقرر کیا جائے

(13) **علاقائی ذِمہ دار**: علا قائی مشاورت (حلقہ مشاورت کے نگران بھی علاقائی مشاورت میں شامل ہیں) کے اسلامی بھائیوں کے **روزانہ 2 درس** (مدنی انعام نمبر 12) کی **ماہانہ کارکردگی** لیں گے اور ڈویژن ذِمہ دار کو جمع کروائیں گے۔

(14) **ڈویژن ذِمہ دار**: ڈویژن و علاقائی مشاورت (علاقائی مشاورت کے نگران بھی ڈویژن مشاورت میں شامل ہیں) کے اسلامی بھائیوں کے **روزانہ 2 درس** (مدنی انعام نمبر 12) کی **ماہانہ کارکردگی** لیں گے اور کابینہ ذِمہ دار کو جمع کروائیں گے۔

(15) **کابینہ ذِمہ دار**: اراکینِ کابینہ کے **روزانہ 2 درس** (مدنی انعام نمبر 12) کی **ماہانہ کارکردگی** لیں گے اور کابینات ذِمہ دار کو جمع کروائیں گے۔

(16) **کابینات ذِمہ دار**: کابینات سطح پر ذِمہ دار اسلامی بھائیوں کے **روزانہ 2 درس** (مدنی انعام

www.dawateislami.net

